© rasailojaraid.com



میں اس کی ایک ہلکی سی آنچ آپ کو بھی محسوس ہو۔ یہی اس کتاب کا جواز ہے"۔

پاکستان کی تاریخ' آزادیٔ کشمیر اور پاکستانی ثقافت کے علاوہ پانچ مضامین علامہ اقبال پر اور ایک ایک مضمون قائداعظم' ضیاء الحق اور محمد صلاح الدین پر ہے۔ ناروے میں اردو کی صورت حال اور وہاں مقیم پاکستانیوں کو درپیش کچھ دُوسرے مسائل بھی زیر بحث آئے ہیں۔ بلاشبہ ان مضامین میں ایک ایسے پاکستانی مسلمان کے احساسات کی خوشبو رچی بسی ہے جس نے یہ سب کچھ خلوص' دردمندی اور دل سوزی کے ساتھ لکھا ہے۔ (ر-ہ)

**جدید عربی ایسے بولیے**' بدرالزماں قاسمی کیرانوی۔ ناشر: مکتبہ المعارف' بنوری ٹاؤن' کراچی۔ صفحات: ۲۵۶۔ قیمت: درج نہیں۔

بدرالزماں قاسمی کیرانوی' نامور عالم دین وحید الزماں کیرانوی کے صاحبزادے ہیں۔ اس جامع کتاب میں مولف نے مختلف مواقع کی روزمرہ گفتگو کے نمونے دیے ہیں۔ اردو ترجمہ بھی دیا ہے تاکہ عربی زبان سے دل چسپی رکھنے والے' عام بول چال کی زبان سے واقفیت چاہنے والے' اور جدید عربی گفتگو کے شائقین سبھی استفادہ کرسکیں۔ اس کتاب کی تین نمایاں خصوصیات ہیں: ۱- بنیادی عربی سے آگہی حاصل کرنے کے لیے ضروری الفاظ کو یک جا کر دیا گیا ہے' ۲- ایئرپورٹ پر انٹرویو کے موقع پر اور ملاقات اور سفر کے دوران درپیش جملوں کا تفصیلی تذکرہ ہے' ۳- سائنس اور ٹکنالوجی کے جو الفاظ عربی زبان میں شامل ہوئے ہیں' اُن کا اندراج ہے۔ ابتدا میں ناشر یہ وضاحت کر دیتے کہ یہ کتاب بھارتی مصنف کی ہے تو کوئی حرج نہ تھا۔ بہرحال ایک قابل قدر کاوش ہے اور بنیادی عربی سیکھنے والوں کے لیے ایک اچھا تحفہ ہے! (محمد ایوب منیر)

**میڈیا وار**' طلعت افشاں فیروز۔ ناشر: ادارہ ابلاغ فن و ادب' کراچی۔ پتا: مکتبہ تعمیر افکار' عقب بقائی ہسپتال' ناظم آباد' کراچی۔ صفحات: ۱۲۷۔ قیمت: ۵۰ روپے۔

بقول مصنفہ: برائی ہر زاویے سے' ہر پہلو سے محل اور جھگی نشینوں تک یکساں پہنچائی جا رہی ہے' اور برائی کا یہ عفریت جس کا نام میڈیا ہے' ہر وقت' ہر جگہ اپنی اندھیری یلغار سے نیکی اور اخلاق کے چراغ گل کرتا جا رہا ہے' تو کیا مسلمان کا فرض نہیں بنتا کہ وہ ان اندھیروں کو اُجالوں میں بدلنے کے لیے ایک نئی تڑپ اور ولولے کے ساتھ اٹھے! شرما کر نہیں' ڈر کر نہیں بلکہ ایک کڑک کے ساتھ برملا دنیا کی پہچان کرا دے"۔

میڈیا کی تعریف' اس کی مختلف صورتوں (اخبارات' ٹی وی' اشتہارات' انٹرنیٹ' انفارمیشن ٹکنالوجی وغیرہ) کے قابل اعتراض پروگراموں اور اخلاقی پہلوؤں وغیرہ کے بارے میں تعارفی معلومات مہیا کی گئی

© rasailojaraid.com